ہفت روزہ
ندائے خلافت
لاہور

50

تنظیم اسلامی کا پیغام
خلافت راشدہ کا نظام

مسلسل اشاعت کا
31 واں سال

تنظیم اسلامی کا ترجمان

2 تا 8 جمادی الاُخریٰ 1444ھ / 27 دسمبر 2022ء تا 2 جنوری 2023ء

اگر اب بھی نہ جاگے تو......

''آج مسلمان ایک دانشمندانہ اور حقیقت پسندانہ دینی قیادت کے محتاج ہیں۔ اگر آپ مسلمانوں کو سو فیصد ''تہجد گزار'' بنا دیں، سب کو متقی و پرہیزگار بنا دیں، لیکن ان کا ماحول سے کوئی تعلق نہ ہو، وہ یہ نہ جانتے ہوں کہ ملک ڈوب رہا ہے، اُس میں بداخلاقی، وبا اور طوفان کی طرح پھیل رہی ہے، سچے مسلمانوں سے نفرت عام کی جا رہی ہے، تو تاریخ کی شہادت ہے کہ پھر تہجد تو تہجد ''پانچ وقتوں کی نمازوں'' کا پڑھنا بھی مشکل ہو جائے گا۔ اگر آپ نے دینداروں کے لیے اس ماحول میں سے کوئی جگہ نہ بنائی، اور ان کو ملک کا بے لوث مخلص اور شائستہ شہری ثابت نہیں کیا، جو ملک کو بے راہ روی سے بچانے کے لیے ہاتھ پاؤں مارتا ہے اور ایک بلند کردار پیش کرتا ہے، تو یاد رکھیے کہ ''عبادات ونوافل'' اور دین کی علامتیں اور شعائر تو الگ رہے، وہ وقت بھی آ سکتا ہے کہ مسجدوں کا باقی رہنا بھی مشکل ہو جائے۔ اگر آپ نے مسلمانوں کو اجنبی بنا کر اور ماحول سے کاٹ کر رکھا، زندگی کے حقائق سے اُن کی آنکھیں بند رہیں اور ملک میں ہونے والے انقلابات'' ''نئے نئے قوانین'' اور عوام کے دل و دماغ پر حکومت کرنے والے رجحانات سے وہ بے خبر رہے تو پھر قیادت تو الگ رہی جو خیرِ امت کا فرضِ منصبی ہے، اپنے وجود کی حفاظت بھی مشکل ہو جائے گی۔

یہی وجہ ہے کہ مسلمانوں کو ان کا مذہبی صحیفہ قرآن اور ان کے پیغمبر ﷺ کی تعلیم (جو اللہ تعالیٰ کا شکر ہے اپنے اندر بے پناہ طاقت رکھتی ہے) ان کو نہ صرف اس عام بگاڑ، اس سے پھیلی ہوئی آگ اور دولت کی اندھی پرستش کے اس بہتے ہوئے گندے پانی سے بچنے کی تلقین کرتی ہے، بلکہ ان پر اس کو روکنے اور اس سے لوگوں کو بچانے کی ذمہ داری بھی عائد کرتی ہے۔ ان کو ان کے پیغمبر ﷺ نے صاف طریقہ پر سمجھا دیا ہے کہ اگر کشتی کے کسی بھی سوار کو ایسی حرکت سے باز رکھنے کی کوشش نہ کی گئی، جس سے یہ کشتی خطرے میں پڑ جاتی ہے تو پھر کشتی کے ڈوبنے کی صورت میں کوئی سوار بھی بچ نہ سکے گا، کیونکہ یہ کشتی نیک و بد، قصوروار اور بے قصور، سوتے جاگتے سب کے ساتھ ڈوب جائے گی اور پھر کوئی نیکی اور کوئی دانائی کام نہ آئے گی۔''

کاروانِ زندگی (جلد دوم)
سید ابوالحسن علی ندویؒ

اس شمارے میں

پاکستان ایک اسلامی فلاحی ریاست یا مسلمانوں کا ملک؟
خالق کا بندوں سے خوبصورت خطاب
حیا اور پاک دامنی
کیا نظامِ باطل میں اطاعتِ رسولؐ ممکن ہے؟ (8)
پاکستان کی بقا اور سلامتی کا راز: نظریۂ پاکستان کی عملی تعبیر
اشاریۂ مضامین ہفت روزہ ندائے خلافت، 2022ء

کیا تم ہمیشہ باغ و بہار کے مزے لوٹو گے؟

سُورَةُ الشُّعَرَاء | بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ | آیات: 147 تا 152

فِيۡ جَنّٰتٍ وَّعُيُوۡنٍ ۙ﴿۱۴۷﴾ وَّزُرُوۡعٍ وَّنَخۡلٍ طَلۡعُهَا هَضِيۡمٌ ۚ﴿۱۴۸﴾ وَتَنۡحِتُوۡنَ مِنَ الۡجِبَالِ
بُيُوۡتًا فٰرِهِيۡنَ ۚ﴿۱۴۹﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيۡعُوۡنِ ۚ﴿۱۵۰﴾ وَلَا تُطِيۡعُوۡۤا اَمۡرَ الۡمُسۡرِفِيۡنَ ۙ﴿۱۵۱﴾
الَّذِيۡنَ يُفۡسِدُوۡنَ فِى الۡاَرۡضِ وَلَا يُصۡلِحُوۡنَ ﴿۱۵۲﴾

آیت: ۱۴۷ ﴿فِيۡ جَنّٰتٍ وَّعُيُوۡنٍ ﴿۱۴۷﴾﴾ ”ان باغات اور چشموں میں۔“

آیت: ۱۴۸ ﴿وَّزُرُوۡعٍ وَّنَخۡلٍ طَلۡعُهَا هَضِيۡمٌ ﴿۱۴۸﴾﴾ ”اور کھیتیوں اور نرم و ملائم خوشوں والی کھجوروں میں۔“

آیت: ۱۴۹ ﴿وَتَنۡحِتُوۡنَ مِنَ الۡجِبَالِ بُيُوۡتًا فٰرِهِيۡنَ ﴿۱۴۹﴾﴾ ”اور تم پہاڑوں کو تراش کر اپنے گھر بناتے ہو اتراتے ہوئے!“

آیت: ۱۵۰ ﴿فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيۡعُوۡنِ ﴿۱۵۰﴾﴾ ”پس تم اللہ کا تقویٰ اختیار کرو اور میری اطاعت کرو۔“

آیت: ۱۵۱ ﴿وَلَا تُطِيۡعُوۡۤا اَمۡرَ الۡمُسۡرِفِيۡنَ ﴿۱۵۱﴾﴾ ”اور مت مانو حد سے بڑھنے والوں کا حکم۔“

آیت: ۱۵۲ ﴿الَّذِيۡنَ يُفۡسِدُوۡنَ فِى الۡاَرۡضِ وَلَا يُصۡلِحُوۡنَ ﴿۱۵۲﴾﴾ ”جو لوگ زمین میں فساد مچاتے ہیں اور اصلاح نہیں کرتے۔“

درس حدیث

دو قابلِ قدر نعمتیں

عَنِ ابۡنِ عَبَّاسٍ رضی اللہ عنہ قَالَ: قَالَ رَسُوۡلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَسَلَّمَ: ((نِعۡمَتَانِ مَغۡبُوۡنٌ فِيۡهِمَا كَثِيۡرٌ مِّنَ النَّاسِ الصِّحَّةُ وَالۡفَرَاغُ)) (رواہ البخاری)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا کہ: ”دو نعمتیں ایسی ہیں کہ ان کے بارے میں لوگ فریب اور دھوکا کھائے ہوئے ہیں (اور وہ دونوں نعمتیں) تندرستی اور فراغت ہیں۔“

تشریح: مذکورہ نعمتوں میں سے ایک نعمت تو تندرستی ہے یعنی جسم و بدن کا امراض سے محفوظ رہنا اور دوسری نعمت ہے، فراغت۔ یعنی اوقات کا غم، روزگار کے مشاغل اور مصروفیات اور تفکرات و تشویشات سے فارغ و خالی ہونا۔ چنانچہ دنیا میں ایسے لوگوں کی کمی نہیں ہے جو اپنی غفلت شعاری کی بنا پر ان دونوں نعمتوں کی قدر نہیں کرتے اور ان کے معاملے میں اپنے نفس سے فریب کھا کر ان کو مفت میں ہاتھ سے جانے دیتے ہیں، جیسا کہ کوئی شخص خرید و فروخت کے معاملے میں کسی کے فریب اور دھوکا کا شکار ہو کر اپنے مال و متاع کو مفت میں گنوا دیتا ہے اور نقصان برداشت کرتا ہے۔ لہٰذا اس ارشادِ گرامی میں ان لوگوں کے تئیں حسرت و افسوس کا اظہار ہے جو ان نعمتوں سے کماحقہٗ فائدہ نہیں اُٹھاتے۔ بایں طور کہ نہ تو اپنی صحت و تندرستی کے زمانہ میں دین و دنیا کی بھلائی و فائدہ کے کام کرتے ہیں اور نہ فرصت کے اوقات کو غنیمت جان کر ان میں آخرت کے اُمور کی طرف متوجہ ہوتے ہیں۔ ہاں! جب ان کی صحت خراب ہو جاتی ہے، دنیا بھر کے تفکرات لاحق ہو جاتے ہیں اور غم روزگار کی گردش ان کے اوقات کو مختلف قسم کی مشغولیتوں اور تشویشوں میں جکڑ لیتی ہے، اس وقت ان کو ان نعمتوں کی قدر ہوتی ہے اور وہ محسوس کرتے ہیں کہ ہم نے کیسے بیش قیمت مواقع گنوا دیے اور اس قول ”النعمة اذا فقدت، عرفت“ (کہ نعمت کی قدر اس وقت ہوتی ہے جب وہ جاتی رہتی ہے) کا مصداق بنتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں ان دونوں نعمتوں کی قدردانی کی توفیق عطا فرمائے آمین!

اداریہ
ایوب بیگ مرزا

پاکستان ایک اسلامی فلاحی ریاست یا مسلمانوں کا ملک؟

ریاست پاکستان بہت سے اعتبارات سے اس دنیا میں ایک منفرد ریاست ہے۔ یہ واحد ریاست ہے جو اسلام کے نام پر وجود میں آئی تھی۔ یہ واحد ریاست تھی جو دو حصوں میں منقسم تھی، جن کے درمیان اس کا ازلی اور ابدی دشمن ملک پھیلا ہوا تھا۔ یہ دنیا کا واحد ملک ہے جس کی سلامتی کے حوالے سے اس کے اپنے باسی شکوک وشبہات کا اظہار کرتے رہتے ہیں اور بیرونی دنیا اس کے عالمی نقشے سے غائب ہونے کی تاریخیں دیتی رہتی ہے۔ یہ ایک ایسی ریاست ہے جس میں ایک سے زائد تعلیمی نظام رائج ہیں۔ بنیادی طور پر یہ زرعی ملک ہے، لیکن زراعت میں خودکفیل نہیں۔ صنعت اور ٹیکنالوجی کے حوالہ سے یہ پسماندہ ملک ہے، بہت سی بنیادی ضروریات دوسرے ممالک سے درآمد کرتا ہے، لیکن ایٹمی صلاحیت حاصل کر چکا ہے اور ایٹمی ٹیکنالوجی میں بھارت جیسے صنعتی لحاظ سے ترقی یافتہ ملک سے کہیں آگے ہے۔ پھر یہ کہ اہل پاکستان اپنی شناخت کے حوالہ سے متفق نہیں۔ ملک کی عظیم اکثریت خود کو اُمتِ مسلمہ کا حصہ سمجھتی ہے، اسلام کو پاکستان کی بنیاد اور اسلامی نظام کو نظریۂ پاکستان کی عملی تعبیر خیال کرتی ہے، جبکہ ایک قلیل مگر انتہائی مؤثر گروہ پاکستان کو مسلمانوں کا ایسا ملک قرار دیتا ہے جو صرف ہندو کے سیاسی اور معاشی استحصال سے بچنے کے لیے قائم کیا گیا۔ بانیٔ پاکستان ان کے بقول سیکولر پاکستان چاہتے تھے۔ وہ قائداعظم کی 11 اگست 1947ء کی اسمبلی میں کی گئی تقریر کے ایک جز کو اپنے استدلال کی بنیاد بناتے ہیں۔ یہ گروہ اگرچہ قلیل ہے، لیکن اسٹیبلشمنٹ میں اثر ورسوخ رکھنے اور ذرائع ابلاغ پر بلاشرکت غیرے قبضہ کی وجہ سے بہت بڑا اور مؤثر دکھائی دیتا ہے۔ ہم اس تحریر میں اسی نکتہ کو زیر بحث لائیں گے کہ کیا بانیانِ پاکستان تحریک پاکستان کے کارکنان اور عوام جو گلی کوچوں اور بازاروں میں ''لے کر رہیں گے پاکستان'' اور ''پاکستان کا مطلب کیا؟ لا الٰہ الا اللہ'' کے نعرے لگاتے ہوئے اس تحریک کے ہراوّل دستہ بنے ہوئے تھے۔ وہ ہندوستان کو کاٹ کر ایک اسلامی فلاحی جمہوری ریاست کی تشکیل چاہتے تھے یا ہندو کے استحصال سے پاک محض مسلمانوں کا ایک ملک بنانا چاہتے تھے۔

ہماری سوچی سمجھی رائے یہ ہے کہ ہمارے یہ بزرگ پاکستان کو ایک ایسی اسلامی فلاحی جمہوری ریاست بنانا چاہتے تھے جس میں اسلام کا نظام عدلِ اجتماعی رائج ہوگا۔ اگر مسئلہ محض مسلمانوں کو ہندوؤں کے معاشی استحصال سے بچانا ہوتا تو یہ مقصد خون کے دریا بہائے اور عزتیں لٹائے بغیر بھی حاصل کیا جاسکتا تھا۔ کون نہیں جانتا کہ کانگریس اور ہندوؤں کے باپو گاندھی تقسیم ہند کو بچانے کے لیے مسلم لیگ کی ہر شرط تسلیم کر لیتے، وہ سفید کاغذ پر دستخط کرنے پر تیار ہو جاتے۔ فرض کریں مسلم لیگ

ہفت روزہ — لاہور
ندائے خلافت
تا خلافت کی بنا دنیا میں ہو پھر استوار
لا کہیں سے ڈھونڈ کر اسلاف کا قلب وجگر
تنظیم اسلامی کا ترجمان، نظامِ خلافت کا نقیب
بانی: اقتدار احمد مرحوم
2 تا 8 جمادی الاخریٰ 1444ھ — جلد 31
27 دسمبر 2022ء تا 2 جنوری 2023ء — شمارہ 50
مدیر مسئول: حافظ عاکف سعید
مدیر: ایوب بیگ مرزا
ادارتی معاون: فرید اللہ مروت
نگران طباعت: شیخ رحیم الدین
پبلشر: محمد سعید اسعد، طابع: رشید احمد چودھری
مطبع: مکتبہ جدید پریس، ریلوے روڈ، لاہور
مرکزی دفتر تنظیم اسلامی
''دارالاسلام'' ملتان روڈ چوہنگ لاہور۔ پوسٹل کوڈ 53800
فون: (042) 35473375-78
E-Mail:markaz@tanzeem.org
مقام اشاعت: 36-کے ماڈل ٹاؤن لاہور۔ 54700
فون: 35869501-03 فیکس: 35834000
nk@tanzeem.org
قیمت فی شمارہ 20 روپے
سالانہ زرِ تعاون
اندرونِ ملک...... 800 روپے
بیرون پاکستان
امریکہ، کینیڈا، آسٹریلیا وغیرہ (14300 روپے)
انڈیا، یورپ، ایشیا، افریقہ وغیرہ (10800 روپے)
ڈرافٹ، منی آرڈر یا پے آرڈر
''مکتبہ مرکزی انجمن خدام القرآن'' کے عنوان سے ارسال کریں۔ چیک قبول نہیں کیے جاتے
Email:maktaba@tanzeem.org

''ادارہ'' کا مضمون نگار حضرات کی تمام آراء سے پورے طور پر متفق ہونا ضروری نہیں

یہ تسلیم بھی کر لیتی کہ متحدہ ہندوستان میں فیڈرل نہیں بلکہ کنفیڈرل نظام حکومت ہوگا،لیکن جداگانہ انتخابات اور صوبائی خودمختاری کا مطالبہ کر دیتی، مرکز کے پاس صرف کرنسی، دفاع اور امور خارجہ ہوتے تو کوئی ہمیں سمجھا دے کہ معاشی ہی نہیں سیاسی سطح پر بھی کانگریس مسلمانوں کا کیا بگاڑ سکتی تھی۔ آج پاکستان میں آئین میں اٹھارہویں ترمیم کے باوجود مرکز کے پاس بہت سے اختیارات ہیں۔ پھر بھی صوبے کنٹرول سے باہر ہو رہے ہیں۔ یہ بات الگ ہے کہ پاکستان میں مرکز اور صوبے دونوں سطحوں پر عوام کا معاشی اور سیاسی استحصال خود مسلمان حکمرانوں کے ہاتھوں ہو رہا ہے۔ لہٰذا مسلمانوں کو ہندو کے معاشی استحصال سے بچانے کا واحد حل مکمل طور پر ایک الگ ریاست کا قیام لازم نہ تھا۔

حقیقت یہ ہے کہ قائداعظم نے تقسیم ہند سے پہلے ایک سو سے زائد ایسی تقاریر کیں، جن میں اسلام کا حوالہ یا نئے ملک میں اسلامی نظام نافذ کرنے کا ذکر ہے۔ یہاں تک کہ جب قائداعظم سے پوچھا گیا کہ پاکستان کا آئین کیسا ہوگا تو قائد کا جواب تھا کہ ہمارا آئین تیرہ سو سال پہلے قرآن پاک کی صورت میں موجود ہے۔ 25 جنوری 1948ء کو کراچی بار ایسوسی ایشن سے خطاب کرتے ہوئے قائداعظم نے دوٹوک انداز میں فرمایا تھا:

”اسلامی اصول آج بھی ہماری زندگی کے لیے اسی طرح قابل عمل ہیں جس طرح تیرہ سو سال پہلے قابل عمل تھے۔ میں یہ نہیں سمجھ سکا کہ لوگوں کا ایک گروہ جان بوجھ کر فتنہ اندازی سے یہ بات کیوں پھیلانا چاہتا ہے کہ پاکستان کا آئین شریعت کی بنیاد پر مدوّن نہیں کیا جائے گا۔“

سٹیٹ بینک آف پاکستان کا افتتاح کرتے ہوئے معمارِ پاکستان قائداعظم محمد علی جناح نے فرمایا تھا:

”اب آپ کو اسلام کا نظامِ معیشت تیار کرنا ہے' اس مغربی نظام معیشت نے انسان کو کوئی خیر اور بھلائی عطا نہیں کی۔“

قیام پاکستان کے بعد قائداعظم کی 13 ماہ میں 14 تقاریر ایسی ہیں جن سے قائد کا یہ واضح رجحان سامنے آتا ہے کہ وہ پاکستان کو اسلامی نظریاتی جمہوری ریاست بنانا چاہتے تھے۔ قائداعظم نے اپنے انتہائی مختصر دور میں صرف ایک شعبہ ”ڈیپارٹمنٹ آف اسلامک ری کنسٹرکشن“ قائم کیا، علامہ اسد کو اس کا انچارج بنایا۔ اس شعبہ کو یہ کام تفویض کیا گیا کہ وہ قوانین کو اسلامی سانچے میں ڈھالے گا۔ قائداعظم کی وفات کے بعد علامہ اسد کو پاکستان سے باہر بھیج دیا گیا اور اُن کے شعبہ کو آگ لگا دی گئی جس سے سارا ریکارڈ جل کر خاکستر ہو گیا۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ قائداعظم کی تقاریر اور تحاریر میں کہیں سیکولرازم کا لفظ نہ دکھائی دیتا ہے نہ سنائی دیتا ہے۔ پھر یہ بھی اصرار کرنا کہ قائد پاکستان کو سیکولر ملک بنانا چاہتے تھے' ڈھٹائی اور بے شرمی کے سوا کیا ہے۔ آج ہر مخلص پاکستانی کے ذہن میں یہ سوال کلبلا رہا ہے کہ پاکستان کو قائم ہوئے پچھتر سال گزر چکے ہیں، لیکن آخر سیکولر عناصر کیوں آج بھی اپنی ضد پر اڑے ہوئے ہیں؟

جہاں تک قائد کی 11 اگست 1947ء کی تقریر کے اس حصہ کا تعلق ہے جسے سیکولر عناصر دانتوں میں دبائے پھرتے ہیں، اگرچہ اس کی بہت سی تاویلات کی گئی ہیں، لیکن جدید تحقیق نے تو یہ بات ہی مشکوک قرار دے دی ہے کہ قائد کی تقریر میں یہ حصہ شامل تھا بھی یا نہیں۔ پاکستان نے آل انڈیا ریڈیو سے جب یہ تقریر حاصل کرنے کی درخواست کی تو بھارتی حکومت نے جواب دیا کہ وہ اس کے ریکارڈ میں موجود نہیں۔ بعض محققین نے اسے برطانوی لائبریری میں ڈھونڈنے کی کوشش کی، وہاں بھی یہ موجود نہیں پائی گئی۔ معلوم ہوتا ہے کہ سابق چیف جسٹس منیر جو انتہائی سیکولر ذہن رکھنے والے تھے تقریر کا یہ حصہ خود انہوں نے شامل کیا اور یہی تحریف شدہ تقریر کا متن پنجاب اسمبلی میں موجود ہے۔ واللہ اعلم!

ہم اہل پاکستان کو انتباہ کرتے ہیں کہ وہ اچھی طرح جان لیں کہ پاکستان کا مقدر صرف اور صرف اسلام سے وابستہ ہے۔ اسلام اور پاکستان کو الگ الگ کرنے کی کوشش کی گئی تو اسلام کا کچھ نہیں بگڑے گا، اسے تا قیامِ قیامت قائم رہنا ہے، البتہ پاکستان کے بارے میں دشمنوں کی یہ پیشین گوئی پوری ہو سکتی ہے کہ مستقبل کے عالمی نقشہ میں اس کے لیے کوئی جگہ نہ رہے۔ لہٰذا پاکستان اور اہل پاکستان کی واحد پناہ گاہ اسلام ہے۔ اللہ رب العزت پاکستان کو اس کے دشمنوں سے بچائے اور اسے اپنے معماروں کی خواہش کے مطابق صحیح معنوں میں اسلامی فلاحی ریاست بنائے۔

آج پاکستان میں مرکزی حکومت اور اپوزیشن اس مسئلہ پر باہم سر پھٹول میں مصروف ہیں کہ انتخابات فوری طور پر ہوں یا آئینی مدت پوری ہونے پر ہوں۔ ہمیں اس سے کوئی غرض نہیں کہ یہ کب ہوتے ہیں البتہ دونوں سے پُرزور مطالبہ ہے کہ پہلے وہ عوام کو بتائیں کہ کیا وہ فریش عوامی مینڈیٹ لے کر نظریۂ پاکستان کو عملی تعبیر دیتے ہوئے پاکستان کو ایک اسلامی فلاحی ریاست بنائیں گے یا سیکولر نظام کا حامل مسلمانوں کا ایک ملک!

خالق کا بندوں سے خوبصورت خطاب

(حدیث قدسی کی روشنی میں)

مسجد جامع القرآن قرآن اکیڈمی لاہور میں امیر تنظیم اسلامی محترم شجاع الدین شیخ حفظہ اللہ کے 16 دسمبر 2022ء کے خطابِ جمعہ کی تلخیص

خطبہ مسنونہ اور تلاوت آیات کے بعد!

قرآن مجید اللہ تعالیٰ کا خوبصورت کلام ہے جو اپنے بندوں کی رہنمائی اور ہدایت کے لیے نازل ہوا لیکن اس کے علاوہ بھی اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں سے خطاب فرمایا ہے جسے حدیث قدسی میں براہ راست نبی اکرم ﷺ نے نقل کیا ہے۔ اسی طرح کی ایک حدیث قدسی میں اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں سے بڑا خوبصورت کلام فرمایا ہے۔ اس حدیث میں خاص بات یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ براہ راست بندوں سے کلام کر رہا ہے اور دس مرتبہ اللہ تعالیٰ فرما رہا ہے: یا عبادی! یا عبادی! اے میرے بندو! اے میرے بندو! یہ انداز بڑا خاص ہے۔ پھر خصوصیت کے اعتبار سے اللہ تعالیٰ کی شان کریمی کا بیان بھی آ رہا ہے۔ معاملات کا درست رہنا ہمارے دین کا بڑا اہم تقاضا ہے۔ ہمارا دین حقوق اللہ اور حقوق العباد کی بھی تعلیم دیتا ہے۔ ان حقوق کی حساسیت دین نے بیان فرمائی ہے۔ اس حدیث میں اس حوالے سے بھی اللہ تعالیٰ ہدایت دے رہا ہے، پھر ہماری محتاجی، بے بسی کے متعلق بھی بیان ہے، ہماری مادی حاجات بھی ہیں اور روحانی حاجات بھی ہیں ان کا بھی اللہ ذکر فرما رہا ہے۔ پھر اللہ کی اس شان کریمی کا ذکر ہے کہ وہ معاف فرمانے والا ہے اور اس نے توبہ کا دروازہ کھلا رکھا ہے، تم اللہ سے بخشش کا سوال کرو۔ اللہ تعالیٰ تمہیں معاف کرنے پر قادر ہے۔ پھر اللہ اپنی شان بے نیازی کا ذکر فرما رہا ہے کہ اللہ اگر تم سے عبادت کا تقاضا کر رہا ہے تو تمہارے بھلے کے لیے کر رہا ہے۔ اللہ کو تمہاری عبادات، تمہاری اعمال کی حاجت نہیں ہے۔ تم محتاج ہو اللہ تعالیٰ کسی کا محتاج نہیں ہے۔ تم سارے کے سارے مل کر فاسق و فاجر ہو جاؤ اور مشرک ہو جاؤ، کافر ہو جاؤ تو اللہ کی شان میں کوئی کمی واقع نہیں ہوگی اور تم سارے کے سارے مل کر سب سے زیادہ متقی شخص کی طرح ہو جاؤ تو اللہ کو کوئی فائدہ نہیں ہے۔ اسی طرح اللہ کے خزانے بیش بہا ہیں اور تمہاری حاجات کم ہیں۔ اس پر اللہ ہمیں مانگنے کی طرف متوجہ فرما رہا ہے اور آخر میں ذکر آئے گا کہ کل نتائج تو آنے ہیں۔ یہ دنیا عارضی ہے، فانی ہے۔ جو کچھ کر رہے ہو، جو کہہ رہے ہو، جو تمہارے باطن میں ہے، جو ظاہر میں ہے وہ سب اللہ کے ریکارڈ پر ہے اور اس کا نتیجہ سامنے آنے والا ہے۔ نتیجہ اچھا ملے تو اللہ کا شکر ادا کرنا اور اپنے آپ کو کچھ نہ سمجھنا۔ نتیجہ برا نظر آئے تو اپنے

مرتب: ابو ابراھیم

آپ کو ہی ملامت کرنا۔ یہ نکتے ہیں جو ان شاء اللہ اس حدیث کے مطالعہ کے ذیل میں آئیں گے۔ اب ہم اس کا مطالعہ شروع کرتے ہیں۔ یہ حدیث صحیح مسلم میں ہے جس میں سیدنا ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

''اے میرے بندو! میں نے اپنے اوپر حرام کر رکھا ہے کہ کسی پر ظلم کروں اور میں نے اسے تمہارے درمیان بھی حرام کر دیا ہے' لہٰذا تم ایک دوسرے پر ظلم نہ کرو۔''

اللہ تعالیٰ براہ راست اپنے بندوں سے فرما رہا ہے یا عبادی! اے میرے بندو! اس خطاب کو محسوس کرنا چاہیے۔ محسوس کریں گے تو اپنی اوقات بھی یاد رہے گی کہ ہم بندے ہیں۔ یہ جو نعرے لگتے ہیں کہ ''میرا جسم میری مرضی، میری زندگی میرا انتخاب'' ان کو بھی اپنی اوقات یاد رکھنی چاہیے۔ تم بندے ہو بندے بن کر رہو۔ حدیث کے اس پہلے حصے میں اللہ نے ظلم کو اپنے لیے بھی اور بندوں کے لیے ناپسند فرمایا۔ ظلم کی تعریف ہے: ''کسی شے کو اس کی جگہ سے ہٹا دینا۔'' حق تلفی کرنا، حق غصب کر جانا، ناجائز کسی کا مال کھانا، جبر و استحصال اور زیادتی کرنا، یہ سب چیزیں ظلم میں شمار ہوتی ہیں، اسی طرح قرآن میں شرک کو ظلم عظیم قرار دیا گیا ہے:

﴿ اِنَّ الشِّرۡكَ لَظُلۡمٌ عَظِيۡمٌ ﴿۱۳﴾ ﴾ (لقمان) ''اے میرے بیٹے! اللہ کے ساتھ شرک مت کرنا۔ یقیناً شرک بہت بڑا ظلم ہے۔''

اللہ کو اُس کی شان بلند سے اُتار کر معاذ اللہ خالق کو مخلوق کے برابر کر دینا یا مخلوق میں سے کسی کو اٹھا کر خالق کے برابر کر دینا، یہ سب سے بڑا ظلم ہے جس کو شرک کہا جاتا ہے۔ اس حدیث میں اللہ تعالیٰ اپنے بندوں سے مخاطب ہو کر فرما رہا ہے کہ میں کسی کا حق نہیں ماروں گا، کسی کے ساتھ زیادتی نہیں کروں گا، کسی کے ساتھ بے انصافی نہیں کروں گا۔ میں نے اپنے اوپر ظلم کو حرام ٹھہرایا ہے اور تمہارے لیے بھی ظلم کو حرام ٹھہرایا ہے، باہم ایک دوسرے پر ظلم نہ کرنا۔ کسی کی جان، زندگی، آبرو سے کھیلنا، کسی کا مال ہڑپ کرنا، آبروریزی یہ بھی ہے کہ جھوٹا الزام لگایا جائے یا کسی کا جھوٹا اسکینڈل بنایا جائے یا کسی کی غیبت کی جائے یا کسی کو گالی دی جائے، ناحق کسی کو قتل کرنا، جائیداد ہڑپ کرنا، قوم کو بیچ کر کھانا یہ سب ظلم کی شکلیں ہیں، ان کو اللہ نے حرام قرار دیا۔ حجۃ الوداع کو ذہن میں رکھیے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تمہاری جان، تمہارا مال،

تمہاری آبرو ایسے ہی ایک دوسرے پر حرام ہیں جیسے عرفہ کا دن، ذوالحجہ کا مہینہ اور یہ سرزمین مقدس حرام ہے۔

یاد رکھیے گا! نماز، روزہ، زکوٰۃ، حج، عمرہ، قربانی، صدقات وخیرات، یہ سب عبادات بھی مطلوب ہیں مگر ان سب کے ساتھ ساتھ اپنے معاملات اور اخلاق کو اللہ کے حکم کے تابع رکھنا بھی مطلوب ہے۔ اس لحاظ سے بھی اپنا جائزہ لینا چاہیے کہ ان سب عبادات نے میرے اخلاق، معاملات اور میری زندگی پر کیا اثر ڈالا۔ یہ پتا چلے گا جب ہم مسجد سے باہر آتے ہیں، جب اعتکاف سے باہر آتے ہیں، جب حج سے واپس آتے ہیں، جب خیر کے ماحول سے نکل کر معاملات، ڈیلنگ، کاروبار، جاب میں جاتے ہیں۔ وہاں ہمارا رویہ اور سلوک کیا ہوتا ہے؟ سونے کا وقت نکال دیں، پنج وقتہ نماز کا وقت نکال دیں تو ہمارے کم وبیش پندرہ گھنٹے لوگوں کے درمیان میں گزرتے ہیں۔ سچی بات یہ ہے کہ ہم سب کا امتحان نماز، روزے، حج، داڑھی رکھنے اور ٹوپی سر پر رکھنے میں کم ہے اور بندوں کے ساتھ معاملات کرنے میں زیادہ ہے کہ کہاں کہاں ظلم کر رہے ہیں۔ ہم سب اپنے بارے میں جان سکتے ہیں لیکن ہم سے بھی زیادہ ہمارا رب ہمارے بارے میں جانتا ہے۔ ماں باپ کو ستانا، بیوی کے ساتھ زیادتی، پڑوسی کا حق مارنا، رشتہ دار کو تنگ کرنا یہ سارے ظلم ہیں۔ اسی طرح اپنے ملازمین سے بارہ گھنٹے کام لے کر آٹھ گھنٹے کی تنخواہ بھی وقت پر نہیں دے رہے تو یہ بھی ظلم ہے اور ملازم بھی (چاہے مزدور ہو یا بڑے گریڈ کا افسر ہو) اگر تنخواہ پوری لے رہا ہے اور وقت پر کام نہیں کر رہا تو یہ بھی ظلم ہے۔ اللہ ہم سب کو معاملات سیدھا کرنے کی توفیق دے۔

دوسری بات

''میرے بندو! تم سب گمراہ ہو سوائے اُس کے جسے میں ہدایت دوں، پس تم مجھ سے ہدایت طلب کرو تو میں تمہیں ضرور ہدایت دوں گا۔''

اللہ تعالیٰ کی سب سے بڑی نعمت ہدایت ہے۔ اگر ہدایت نہ ہو باقی سب کچھ ہو تو بے سود ہے۔ قارون کے پاس دولت تھی، فرعون کے پاس اقتدار تھا، ابولہب کے پاس سرداری تھی لیکن ان سب کے پاس ہدایت نہیں تھی تو ان کا انجام کیا ہوا؟ دوسری طرف حضرت بلال رضی اللہ عنہ قبول اسلام سے قبل ایک غلام تھے، چہرہ سیاہ تھا، نہ مال تھا نہ اونچا خاندان تھا لیکن جب ان کو اللہ کی طرف سے ہدایت مل گئی تو انہیں سیدنا بلال رضی اللہ عنہ کا خطاب تمام صحابہؓ نے دیا۔ رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں: ''بلال! تیرے قدموں کی آواز میں نے جنت میں سنی۔'' اللہ کہتا ہے:

﴿اِنَّ اَکۡرَمَکُمۡ عِنۡدَ اللّٰہِ اَتۡقٰکُمۡ ؕ﴾

(الحجرات:13) ''یقیناً تم میں سب سے زیادہ باعزت اللہ کے ہاں وہ ہے جو تم میں سب سے بڑھ کر متقی ہے۔''

جس کے پاس اللہ کی دی ہوئی ہدایت ہوگی وہی متقی ہوگا۔ اللہ فرماتا ہے تم سارے کے سارے گمراہ ہو اور میں ہدایت دیتا ہوں اور تم مجھ سے ہدایت مانگو۔ اللہ کے رسول ﷺ نے ہمیں ہر نماز کی ہر رکعت میں ہدایت مانگنا سکھایا:

﴿اِہۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِیۡمَ ۙ﴾ (الفاتحہ:5)

''(اے ربّ ہمارے!) ہمیں ہدایت بخش سیدھی راہ کی۔''

اور اللہ کے رسول ﷺ کے بارے میں قرآن فرماتا ہے:

﴿وَ اِنَّکَ لَتَہۡدِیۡۤ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسۡتَقِیۡمٍ ﴿ۙ۵۲﴾﴾ (الشوریٰ) ''اور آپ یقیناً سیدھے راستے کی طرف ہدایت دیتے ہیں۔''

اسی طرح قرآن کو بھی اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا:

((ھو الصراط المستقیم)) ''یہ سیدھا راستہ ہے۔''

اللہ نے قرآن ہمیں رسول اللہ ﷺ کے ذریعے دیا۔ قرآن حکیم کا عملی نمونہ حضور ﷺ کے ذریعے ملا اور اللہ کے رسول ﷺ اپنی ہر نماز میں کیا تلاوت کرتے تھے:

﴿اِہۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِیۡمَ ۙ﴾ ''(اے ربّ ہمارے!) ہمیں ہدایت بخش سیدھی راہ کی۔''

بقول ہمارے استاد ڈاکٹر عبدالسمیع صاحب کے کہ رسول اللہ ﷺ جس دن دنیا سے تشریف لے گئے اس دن کی آخری نماز کی آخری رکعت میں بھی حضور ﷺ

پریس ریلیز 23 دسمبر 2022ء

قائداعظم نے قرآنِ پاک کو پاکستان کا آئین قرار دیا تھا

شجاع الدین شیخ

قائداعظم نے قرآنِ پاک کو پاکستان کا آئین قرار دیا تھا۔ یہ بات امیر تنظیم اسلامی شجاع الدین شیخ نے قائداعظم کے یومِ ولادت کی مناسبت سے اپنے خصوصی پیغام میں کہی۔ اُنھوں نے کہا کہ بانئ پاکستان کو خراجِ تحسین پیش کرنے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ اُن کے اقوال پر سنجیدگی اور خلوص سے عمل کیا جائے۔ وہ پاکستان میں اِسلامی نظام کے قیام کے اتنی شدت سے قائل تھے کہ اُنھوں نے اُن لوگوں کو شر پسند قرار دیا تھا جو ایسی افواہیں پھیلا رہے تھے کہ پاکستان میں شریعت محمدی ﷺ کا نفاذ نہیں ہوگا۔ اُنھوں نے بسترِ مرگ پر یہ ایمان افروز جملہ کہا تھا کہ ''میرا ایمان ہے کہ یہ رسولِ اللہ ﷺ کا روحانی فیض ہے کہ پاکستان وجود میں آ گیا، اب یہ پاکستانیوں کا فرض ہے کہ وہ اسے خلافتِ راشدہ کا نمونہ بنائیں، تاکہ خدا اپنا وعدہ پورا کرے اور مسلمانوں کو زمین کی بادشاہت دے۔'' حقیقت یہ ہے کہ پاکستان اور اِسلام لازم وملزوم ہیں۔ اِس بات میں قطعی طور پر شک کی گنجائش نہیں کہ اسلام پاکستان کی محض بنیاد ہی نہیں بلکہ اُس کے وجود کا جواز بھی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ اگر وطنِ عزیز میں اسلامی نظام کا نفاذ نہیں ہوتا تو پاکستان اپنے وجود کا جواز کھو دے گا جس سے پاکستان کا استحکام ہی نہیں اُس کی بقا اور سلامتی بھی خطرے میں پڑ جائے گی۔ (جاری کردہ: مرکزی شعبہ نشر واشاعت، تنظیم اسلامی، پاکستان)

نے سورۃ الفاتحہ تلاوت کی تھی۔ جن کے ذریعے قرآن ملا، جن کے ذریعے ایمان کی دولت ملی وہ نمازوں میں یہ جاری کر گئے تو ہم کتنے محتاج ہیں ہدایت کی دعا کرنے کے لیے۔ اللہ کے فضل سے جنت والے جب جنت پہنچیں گے تو ان کی زبان پر شکر کا ترانہ یہ ہوگا:

﴿وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ هَدٰىنَا لِهٰذَا ۣ وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِيَ لَوْلَآ اَنْ هَدٰىنَا اللّٰهُ ۚ﴾ (الاعراف:43)

''اور وہ کہیں گے کل شکر اور کل تعریف اُس اللہ کے لیے ہے جس نے ہمیں یہاں تک پہنچا دیا' اور ہم یہاں تک نہیں پہنچ سکتے تھے اگر اللہ ہی نے ہمیں نہ پہنچا دیا ہوتا۔''

یعنی حقیقی کامیابی جس کو بھی نصیب ہوگی تو اس ہدایت کی وجہ سے نصیب ہوگی اور اللہ تعالیٰ جسے چاہے گا یہ نعمت عطا کرے گا۔ یہ دوسری ہدایت ہے جس میں اللہ نے ہماری سب سے بڑی حاجت کا ذکر فرما دیا۔ اس کو پچھلی بات سے جوڑیں تو جو ظلم کرنے والا ہے اس کو ہدایت نہیں ملتی۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٨٦﴾﴾

(آل عمران) ''اور اللہ ایسے ظالموں کو ہدایت نہیں دیتا۔''

لہٰذا لازمی شرط یہ ہے کہ ظلم چھوڑو گے تو ہدایت ملے گی اور ہدایت کے لیے ہم اللہ کے محتاج ہو۔ اللہ تعالیٰ ہمیں ہدایت مانگنے والا بنائے۔ لیکن ہم اپنے گریبان میں جھانک کر دیکھیں کہ ہمیں ہدایت کی کتنی تڑپ ہے؟ ہم دنیا کے حصول کے لیے کتنا وقت صرف کر رہے ہیں اور ہدایت جو سب سے بڑی نعمت ہے اس کے لیے ہم 24 گھنٹے میں کتنی مرتبہ اللہ سے دعا کرتے ہیں، کتنی مرتبہ ہم جنت کا سوال کرتے ہیں جو فری میں ملنے والی نہیں ہے۔

تیسری بات

''میرے بندو! تم میں سے ہر ایک بھوکا ہے سوائے اُس کے جسے میں کھانا دوں' پس تم مجھ سے کھانا مانگو تو میں تمہیں ضرور کھانا دوں گا۔''

اب ہماری مادی حاجات کا ذکر ہو رہا ہے۔ ہم کس قدر ایک ایک لقمہ کے محتاج ہیں ہم سب کو پتا ہے لیکن بھول جاتے ہیں۔ اس لیے دعاؤں کا اہتمام کرنا چاہیے۔ ایک ایک دعا میں پورا عقیدہ آ جاتا ہے، پوری فکر آ جاتی ہے۔ ایک ایک دعا میں ہماری اوقات یاد آ جاتی ہے اور رب کی عظمت کا ذکر آ جاتا ہے۔

چوتھی بات

''میرے بندو! تم میں سے ہر ایک ننگا ہے سوائے اُس کے جسے میں لباس پہناؤں' پس تم مجھ سے لباس طلب کرو تو میں تمہیں لباس دوں گا۔''

اللہ کے رسول ﷺ نے ہمیں لباس کی دعا سکھائی ہے:

((اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ كَسَانِيْ هٰذَا وَرَزَقَنِيْهِ مِنْ غَيْرِ حَوْلٍ مِّنِّيْ وَلَا قُوَّةٍ)) ''تمام شکر' تعریف اللہ کے لیے ہے جس نے یہ لباس مجھے پہنایا میری طاقت اور میری قوت کے بغیر۔''

یہ تفصیل اپنی جگہ پر ہے کہ ایک لقمہ جو میں منہ میں لیتا ہوں یا ایک کپڑا جو میں پہنتا ہوں اس کے پیچھے کس قدر اللہ کی قدرت کے نظارے ہیں اور کس قدر میں اللہ کی قدرتوں اور نعمتوں کا محتاج ہوں۔

پانچویں بات

''میرے بندو! تم دن رات گناہ کرتے ہو اور میں تمام گناہ معاف کرنے والا ہوں' پس تم مجھ سے مغفرت طلب کرو تو میں تمہیں بخش دوں گا۔''

اللہ خالق ہے اس کو پتا ہے کہ بندے خطا کریں گے۔ خطا ہو جانا اتنا بڑا مسئلہ نہیں ہے لیکن خطا پر اڑ جانا مسئلہ ہے۔ شیطان اڑا تھا تو راندۂ درگاہ ہوا۔ جبکہ آدم سے لغزش ہو گئی تھی، وہ جھک گئے تو اللہ نے انہیں خلافت دے کر زمین پر بھیج دیا۔ اللہ کے سامنے جھکنے میں عظمت ہے اور اڑنے میں بربادی ہے۔ بہرحال خطا ہو جائے تو معافی مانگو تو اللہ بخش دے گا۔ قرآن جا بجا بتاتا ہے:

﴿اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ؀﴾ ''یقیناً اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔''

امام الانبیاء محمد رسول اللہ ﷺ جن کا مقام و شرف ''بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر'' کے مصداق ہے وہ دن میں سو سو مرتبہ استغفار کرتے تھے حالانکہ وہ تو خطاؤں سے پاک تھے۔ ہر فرض نماز کے بعد پڑھتے تھے:

اللہ اکبر، استغفر اللہ، استغفر اللہ، استغفر اللہ،

مالک تیرے حکم پر جھک تو گئے اس جھکنے میں اگر کوئی کمی رہ گئی تو اس پر بھی استغفار۔ آپ ﷺ کی یہ کیفیت تھی تو ہمیں کس قدر استغفار کا اہتمام کرنا چاہیے۔ اللہ ہمیں توفیق عطا فرمائے۔ یہ ہمارا خیال ہے کہ استغفار کا اہتمام صرف گناہوں پر ہونا چاہیے جبکہ وہاں نیکی کے بعد بھی استغفار ہو رہا ہے اور نیکی بھی محمد رسول اللہ ﷺ کی، جب اللہ کے سب سے مقبول اور محبوب انسان کا یہ عالم ہے تو ہم جیسے گنہگاروں کو کتنی مرتبہ استغفار کی ضرورت ہوگی؟ اللہ تعالیٰ ہمیں توفیق عطا فرمائے۔

چھٹی بات

''میرے بندو! تم میرے نقصان کو نہیں پہنچ سکتے کہ مجھے کوئی نقصان پہنچاؤ اور نہ تم میرے نفع کو پہنچ سکتے ہو کہ مجھے کوئی نفع پہنچاؤ۔''

اللہ تو بے نیاز ہے تم فقیر ہو۔ وہ الصمد ہے، سب اس کے محتاج ہیں وہ کسی کا محتاج نہیں۔ تم سارے کے سارے عبادت گزار ہو جاؤ اللہ کا کوئی فائدہ نہیں۔ تم سارے کے سارے فاسق و فاجر ہو جاؤ اللہ کا کوئی نقصان نہیں۔ نفع و نقصان کا اختیار اللہ کے پاس ہے نہ کے تمہارے پاس۔ اسباب کے تحت معاملات چلتے ہیں، یہ اسباب تمہارے لیے اللہ نے بنائے ہیں، اللہ اسباب کا پابند نہیں ہے۔ اگلے الفاظ اسی کے تسلسل میں آ رہے ہیں:

''میرے بندو! تم میں سے اگلے پچھلے انسان اور جن' اگر سب کے سب اپنے میں سے متقی ترین دل والے شخص کی مانند بن جائیں تو اس سے میری حکومت میں بالکل اضافہ نہ ہوگا۔ میرے بندو! اگر تم میں سے اگلے پچھلے انسان اور جن' سب کے سب اپنے میں سے فاجر ترین دل والے شخص کی مانند بن جائیں تو اس سے میری حکومت میں بالکل کمی نہیں آئے گی۔''

اللہ کو تمہاری عبادات کی حاجات نہیں۔ اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا: بالفرض ایک شخص اپنی پیدائش سے لے کر اپنی موت کے وقت تک سجدے کی حالت میں رہے یہ بھی کل قیامت کے دن کھڑا ہوگا اور اللہ کے جلال کو دیکھے گا تو ساری زندگی کے عمل کی حیثیت اس کی نگاہوں میں خاک بھی نہیں ہوگی۔ تم سارے کے سارے فاسق وفاجر ہو جاؤ اللہ کا کوئی نقصان نہیں، تم سارے کے سارے متقی، پرہیزگار ہو جاؤ اللہ کا کوئی فائدہ نہیں۔ جو محنت کرتا ہے اپنے بھلے کے لیے، جو شکر ادا کر رہا ہے اپنے بھلے کے لیے، جو عمل نیک کر رہا ہے اپنے بھلے کے لیے، اللہ کو تمہارے سجدوں، محنتوں اور عبادات کی کوئی حاجت نہیں۔

اللہ تعالیٰ ہمیں کسی زعم اور تکبر سے بچائے۔ آگے فرمایا:

''میرے بندو! اگر تمہارے اگلے پچھلے انسان اور جن' تمام کے تمام کھلے میدان میں کھڑے ہو کر مجھ سے مانگیں اور میں ہر ایک کو اُس کے مانگنے کے مطابق

دیتا جاؤں تو اس سے میرے خزانوں میں بس اتنی سی کمی آئے گی جتنی سمندر میں سوئی ڈبو کر نکالنے سے سمندر میں کمی آتی ہے۔‘‘

آج ہم 22 کروڑ کی آبادی پر پریشان ہیں۔ حکومتیں کہتی ہیں بجٹ خسارے میں چل رہے ہیں جبکہ اللہ کہتا ہے سارے جن وانس ایک چٹیل میدان میں کھڑے ہوجائیں اور مجھ سے سوال کریں اور ان کے مانگنے کے مطابق دیتا رہوں تو پھر بھی میرے خزانے میں کوئی کمی نہیں آئے گی۔

آخری بات

’’میرے بندو! یہ تو تمہارے ہی اعمال ہیں جن کو میں تمہارے لیے محفوظ کر رہا ہوں‘ پھر میں تمہیں ان ہی کی پوری پوری جزا دوں گا‘ پس جو شخص اچھا نتیجہ پائے وہ اللہ تعالیٰ کی حمد کرے اور جسے اچھا نتیجہ نہ ملے تو وہ صرف اپنے آپ ہی کو ملامت کرے۔‘‘

سورۃ المجادلہ میں اللہ فرماتا ہے:

﴿اَحْصٰهُ اللّٰهُ وَنَسُوْهُ ط﴾ ’(آیت:6)‘ اللہ نے ان (اعمال) کو محفوظ کر رکھا ہے جبکہ وہ انہیں بھول چکے ہیں۔‘‘

ہم گناہ، ظلم، ناانصافی، حق تلفی کر کے بھول جاتے ہیں لیکن اللہ نہیں بھولتا۔ جو کچھ ہم دنیا میں کر رہے ہیں اسی کے مطابق آخرت میں حساب ہوگا اور اسی کے مطابق ہماری دائمی زندگی کا فیصلہ ہوگا۔ لیکن ساتھ ساتھ اللہ کی رحمت اور فضل کے بھی ہم محتاج ہیں۔ اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا: کوئی شخص تم میں سے اپنے عمل کی بنیاد پر جنت میں داخل نہیں ہوگا۔ پوچھا گیا: کیا آپ ﷺ بھی؟ فرمایا: ہاں! میں بھی نہیں، جب تک کہ اللہ کی رحمت میرے شامل حال نہ ہو۔‘‘

جب آپ ﷺ یہ فرما رہے ہیں تو باقیوں کی حیثیت کیا ہے؟ جنت میں جانے والا محض اللہ کے فضل سے جائے گا۔ ہاں! البتہ، اللہ کی شان کریمی ہے۔ وہ کہہ سکتا ہے: ﴿بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ o﴾ (النحل: 32)

’’جاؤ جنت تمہارے اعمال کے سبب۔‘‘

وہ جو چاہے سو کہے لیکن بندے کی بندگی کا تقاضا ہے کہ مالک کے فضل وکرم کا طالب رہے، ہر وقت اس کی رضا اور رحمت کی دعا مانگتا رہے۔

اللہ تعالیٰ ہمیں اللہ کے سامنے جھکنے اور اس سے مانگنے والا بنائے، جہنم سے محفوظ فرمائے اور جنت الفردوس عطا فرمائے۔ آمین یارب العالمین!

حیا اور پاک دامنی

مولانا ندیم الرشید

’’اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کرنے والے مرد اور عورتیں اور اللہ کو کثرت سے یاد کرنے والے مرد اور عورتیں کے لیے اللہ نے مغفرت اور بڑا ثواب تیار کر رکھا ہے۔‘‘ (الاحزاب:5)

اس آیت مبارکہ میں خدائے ذوالجلال نے پاکدامنی کے ساتھ یادالٰہی میں زندگی گزارنے والے لوگوں کے لیے مغفرت اور بڑے ثواب کا اعلان فرمایا ہے۔ ثواب سے مراد دنیا کی برکتیں اور آخرت کی نعمتیں ہیں جبکہ مغفرت سے مراد یہ ہے کہ پاکدامن شخص سے ہونے والی دوسری غلطیوں اور کوتاہیوں کو رب کریم جلد معاف فرمادیں گے، اجر کے ساتھ عظیم کا لفظ نشاندہی کر رہا ہے کہ پاکدامنی پر ملنے والا انعام معمولی نہیں ہوتا ہے۔ سورۃ المومنون کی پہلی آیت میں حیا اور پاکدامنی اختیار کرنے والوں کے بارے میں کہا گیا ہے کہ وہ فلاح پانے والے ہیں۔ فلاح عربی زبان میں ایسی کامیابی کو کہتے ہیں جس کے بعد ناکامی نہ ہو۔ ترمذی شریف کی روایت ہے۔ حیا ایمان کا حصہ ہے اور ایمان جنت میں جانے کا سبب ہے۔ بے حیائی جفا ہے اور جفا جہنم میں جانے کا سبب ہے۔

حیا کی وجہ سے انسان کے قول وفعل میں حسن وجمال پیدا ہو جاتا ہے، لہٰذا باحیا آدمی مخلوق کی نظر میں بھی پرکشش بن جاتا ہے اور پروردگار عالم کے ہاں بھی مقبول ہوجاتا ہے۔ حضرت شعیب علیہ السلام کی نیک دختر جب حضرت موسیٰ علیہ السلام کو بلانے کے لیے آئی تو اس کی چال ڈھال میں بڑی شائستگی اور حیا تھی۔ اللہ تبارک وتعالیٰ کو اس کی یہ حیا والی چال اس قدر پسند آئی کہ قرآن کریم میں اس کا تذکرہ فرمادیا۔ سورۃ قصص کی آیت نمبر 25 میں ہے ’’اور ان میں سے ایک لڑکی ان کے پاس حیا کے ساتھ چلتی ہوئی آئی۔‘‘ جب باحیا انسان کی چال اللہ کو اس قدر پسند ہے کہ قرآن میں ذکر فرمایا تو پھر باحیا انسان کا کردار باری تعالیٰ کو کس قدر محبوب ہوگا۔ روم کے بادشاہ ہرقل نے جب حضرت ابوسفیان سے پوچھا کہ آپ ﷺ کن چیزوں کی تعلیم دیتے ہیں تو اگرچہ ابوسفیان رضی اللہ عنہ اس وقت تک مسلمان نہیں ہوئے تھے لیکن انہوں نے تعلیمات نبوی کا خاکہ کچھ ان الفاظ میں پیش کیا ’’وہ ہمیں نماز، صدقہ، حیا، پاکدامنی اور صلہ رحمی کا حکم دیتے ہیں۔‘‘

اس سے معلوم ہوا حیا اور پاکدامنی اسلام کی بنیادی تعلیمات میں سے ہے بلکہ اسلامی معاشرے کی عمارت جن ستونوں پر کھڑی ہوتی ہے ان میں سے ایک ستون کا نام حیا اور پاکدامنی ہے۔ جو شخص حیا اور پاکدامنی سے محروم ہوجاتا ہے وہ پھر کسی ضابطہ اخلاق کا پابند نہیں رہتا۔ اس کی زندگی شتر بے مہار کی مانند ہوتی ہے، ایسے انسان سے خیر کی توقع رکھنا بھی فضول ہے۔ اسی لیے نبی پاک ﷺ نے ارشاد فرمایا: ’’جب شرم (حیا) نہ رہے تو پھر جو مرضی کرتے پھرو۔‘‘

آپ ﷺ کی اس فرمان کی حقیقت اس وقت اور زیادہ واضح ہوجاتی ہے جب ہم عصرِ حاضر میں ان معاشروں کا جائزہ لیتے ہیں جہاں حیا، عفت اور پاکدامنی جیسی روایات سے انحراف کر کے ’’آزادی‘‘ کو سب سے بڑی قدر سمجھا جاتا ہے۔ آج ان معاشروں میں اگر صرف خواتین کی حالت زار کا جائزہ ہی لیا جائے تو انسانیت خون کے آنسو روتی نظر آتی ہے۔ اقوام متحدہ کے ایک ذیلی ادارے کی رپورٹ کے مطابق ہر سال 8 لاکھ انسانوں کی اسمگلنگ ہوتی ہے جن میں 80 فیصد تعداد خواتین پر مشتمل ہوتی ہے۔ ان میں سے 79 فیصد خواتین کو جنسی استحصال کی غرض سے اسمگل کیا جاتا ہے۔ فرانس میں سالانہ 86000 خواتین کو جنسی تشدد کا نشانہ بنایا جاتا ہے لیکن صرف 13 فیصد خواتین پولیس میں رپورٹ درج کرواتی ہیں۔ برطانیہ میں بھی خواتین پر جنسی تشدد کے واقعات میں حیرت انگیز حد تک اضافہ ہوا ہے وہاں 18 تا 24 برس کی لڑکیوں پر تشدد کے واقعات زیادہ عام ہیں۔ پاکستان میں بھی جب سے روشن خیالی اور نام نہاد آزادی کے سفر کا آغاز ہوا ہے خواتین کے ساتھ زیادتی کے واقعات یہاں بھی بڑھتے جارہے ہیں۔ پارلیمان میں وزارت قانون اور انسانی حقوق کی جانب سے ایک رپورٹ کے مطابق 2009ء سے 2014ء یعنی محض پانچ برس کے عرصے میں خواتین سے زیادتی کے 583,14 واقعات پیش آئے ہیں۔ حضرات گرامی! خواتین کے ساتھ زیادتی اور تشدد ایک عالمی مسئلہ ہے۔ اس عالمی مسئلے کو حل کرنے کی واحد صورت یہی ہے کہ پوری دنیا میں نام نہاد آزادی کی جگہ حیا، پاکدامنی اور خدا کی بندگی کو ایک قدر کے طور پر قبول کرتے ہوئے عمل کیا جائے۔ ۞

کیا نظامِ باطل میں اطاعتِ رسولؐ ممکن ہے؟ (8)

ڈاکٹر اسرار احمدؒ

(گزشتہ سے پیوستہ)

اللہ کے وعدوں پر یقین نہ کرنا بھی کفر ہے!

آیت زیر مطالعہ میں کفر کے دو مفہوم ہیں۔ پہلا مفہوم قبل ازیں بیان کر دیا گیا ہے کہ جو لوگ مسلمان ہوتے ہوئے غیر اللہ کی حاکمیت پر مطمئن ہیں، جو مسلمان ہوتے ہوئے کتاب وسُنّت کے سوا کسی اور قانون کو تسلیم کر رہے ہیں اور اس سے آگے بڑھ کر جو اسے نافذ کر رہے ہیں، ان کو سورۃ المائدۃ کی آیات میں کافر، ظالم اور فاسق کہا گیا ہے۔

کفر کا دوسرا مفہوم وہ ہے جو شکر کے مقابلے میں آتا ہے، جیسے کہ قرآن حکیم میں ارشاد ہے: ﴿لَئِنْ شَكَرْتُمْ لَاَزِيْدَنَّكُمْ وَلَئِنْ كَفَرْتُمْ اِنَّ عَذَابِيْ لَشَدِيْدٌ﴾ (ابراہیم) ”اگر تم میری نعمتوں کا شکر (اور قدردانی) کرو گے تو میں تمہیں لازماً مزید عطا کروں گا اور اگر کفر (کفرانِ نعمت) کرو گے تو (پھر یاد رکھو) میرا عذاب بڑا سخت ہے“۔ اس پس منظر میں ﴿وَمَنْ كَفَرَ بَعْدَ ذٰلِكَ ...﴾ کا مفہوم یہ ہوگا کہ اللہ کے وعدوں پر اگر آپ کو یقین نہیں ہے تو آپ نے اللہ کے وعدے کی بہت بڑی ناقدری کی ہے اور یہ کفر ہے ---- اللہ تعالیٰ اپنے وعدوں سے متعلق خود فرماتا ہے: ﴿وَعْدَ اللّٰهِ حَقًّا ۭ وَمَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰهِ قِيْلًا﴾ (النساء) ”اللہ کا وعدہ سچا ہے، اور اللہ سے بڑھ کر بات کا سچا کون ہوسکتا ہے!“ اسی طرح سورۃ التوبہ میں فرمایا گیا: ﴿وَمَنْ اَوْفٰى بِعَهْدِهٖ مِنَ اللّٰهِ﴾ (آیت: 111) ”اور اللہ سے بڑھ کر اپنے وعدے کا وفا کرنے والا کون ہے؟“ غور کیجیے کہ آیت زیر مطالعہ میں اللہ تعالیٰ تمام مسلمانوں سے یہ وعدہ کر رہا ہے کہ اگر تم ایمان اور عمل صالح کا تقاضا پورا کرو تو ہمارا وعدہ ہے کہ ہم تمہیں خلافت عطا کریں گے۔ اللہ کا یہ وعدہ اٹل ہے، جیسے سورۃ الطارق میں فرمایا گیا: ﴿اِنَّهٗ لَقَوْلٌ فَصْلٌ ۝ وَّمَا هُوَ بِالْهَزْلِ ۝﴾ ”یہ ایک فیصلہ کن کلام ہے، اور یہ کوئی یاوہ گوئی نہیں ہے“۔ یعنی یہ کسی شاعر کی تک بندی یا کسی واعظ کا غیر یقینی قول نہیں ہے، بلکہ یہ اللہ کا کلام ہے۔ اگر تم اللہ کے کلام اور اس کے وعدوں کی بھی ناقدری کرو، بایں طور کہ کمر ہمت نہ کسو، جدوجہد کوشش کرنے کو تیار نہ ہو تو پھر بتاؤ کہ اتنے پختہ وعدوں کے بعد اب کون سا وعدہ ہوگا جس سے تمہارے اندر کوئی جذبہ انگڑائی لے گا اور تم جدوجہد کے لیے کمر کسو گے؟

یہاں اللہ تعالیٰ کے تین وعدے بیان ہوئے ہیں اور تیسرا وعدے پر ذرا غور تو کیجیے: ﴿وَلَيُبَدِّلَنَّهُمْ مِّنْ بَعْدِ خَوْفِهِمْ اَمْنًا ۭ﴾ کہ اللہ تعالیٰ خوف کی موجودہ حالت کو لازمی طور پر امن سے بدل دے گا۔ آج کتنا خوف ہم پر طاری ہے، اس کا اندازہ کرنا مشکل نہیں ہے۔ پاکستان اور بھارت کے مابین کنٹرول لائن کی ایک لکیر کھنچی ہوئی ہے اور اس لائن کے اُس پار ہزارہا مسلمان عورتوں کی عصمت دری ہو چکی ہے، کتنے مسلمان گولیوں سے اڑائے جا چکے ہیں، کیا کیا ظلم وستم وہاں ہو رہا ہے اور کروڑہا مسلمانوں کی پاکستانی قوم، جس کو کبھی یہ سمجھا گیا تھا کہ جب پاکستان بن جائے گا تو وہ ہندوستانی مسلمانوں کی محافظ ہوگی، بھیگی بلی بنی بیٹھی ہے۔ انڈر دی ٹیبل اگر کوئی مدد ہو رہی ہو تو یہ الگ بات ہے، ورنہ کھلم کھلا کیا ہو رہا ہے اس پر مجھے کچھ کہنے کی ضرورت نہیں۔ میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ اس سے زیادہ بے غیرتی اور بے حمیتی کوئی ممکن ہے؟

آپ دورِ بنواُمیہ کو گالیاں دیتے ہیں، لیکن اس دور بنواُمیہ کی شان یہ تھی کہ چند مسلمان عورتوں کی چیخیں اسی علاقے سے گئی تھیں اور محمد بن قاسم ؒ حجاز سے وہاں پہنچ گئے تھے۔ جبکہ آج مسلمان آبادیوں کے ساتھ جو کچھ ہو رہا ہے وہ کسی سے ڈھکا چھپا نہیں ہے۔ اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ ہم پر خوف طاری ہے، ہم میں لڑنے کی سکت نہیں، ہم کوئی خطرہ (risk) مول نہیں لے سکتے اور آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر بات نہیں کر سکتے۔ اگر کچھ کر بھی رہے ہیں تو جھوٹ بولتے ہیں کہ ہم کچھ نہیں کر رہے، اور اگر ہم اپنے مظلوم مسلمان بھائیوں کے لیے کچھ نہیں کر رہے تو یہ بے غیرتی کی انتہا ہے۔ لیکن اگر ہم خلافت کا راستہ اختیار کریں گے تو پھر طاقت اللہ دے گا اور عالم کفر کو ہمارے خلاف کچھ کرنے کی جرأت نہیں ہوگی۔ یہ اللہ کے پختہ وعدے ہیں اور اس کے باوجود لوگ اگر کمر ہمت نہ کسیں، محنت نہ کریں، جدوجہد نہ کریں تو اس سے بڑا کفر اور کیا ہوگا!

”تحریک خلافت پاکستان“

آخر میں یہ عرض ہے کہ یہ لمحہ فکریہ ہے۔ ہر شخص سوچے، غور کرے کہ میں کیا کروں اور کیسے کروں! ہم نے مسلمانوں کو ان کی دینی ذمہ داریوں سے آگاہ کرنے کے لیے ایک اسلامی انقلابی جماعت ”تنظیم اسلامی“ کے نام سے قائم کی ہے، جو اولاً پاکستان اور بالآخر ساری دنیا میں دینِ حق یعنی نظامِ خلافت کو قائم کرنے کے لیے کوشاں ہے۔ اس مقصد کے لیے خاص طور پر ”تحریک خلافت پاکستان“ کے نام سے تحریک چلائی گئی ہے۔ اس میں شامل ہونا ہر شخص کے لیے فرض نہیں ہے۔ البتہ جو شخص ہم پر اعتماد کرے، ہمارے طریقہ کار سے اتفاق کرے تو وہ ہمارے ساتھ شامل ہو کر ہمارا دست و بازو بنے۔ نبی ﷺ کا ساتھ دینا شخصاً لازم تھا، لیکن ختمِ نبوت کے بعد اب کوئی شخص ایسا نہیں ہے جس کے ماننے یا نہ ماننے پر ایمان اور کفر کا دارومدار ہو۔ آپ کو جس سے اتفاق ہو اس کے ساتھ لگ جائیے، جو طریق کار سمجھ میں آئے اُس کے مطابق کام کیجیے لیکن یہ یاد رکھیے کہ خلافت کے نظام کو قائم کرنے کے لیے جدوجہد کرنا ہم پر لازم ہے۔

یہاں یہ بھی یاد رکھیں کہ ترکی میں جب خلافت ختم کی جا رہی تھی تو اُس کے بچاؤ کے لیے ہندوستان میں تحریک اٹھی۔ یہ بھی تاریخ کا ایک عجیب واقعہ ہے کہ خلافت کا مسئلہ اگرچہ پورے عالمِ اسلام کا تھا، ترکی کی خلافت صرف ہندوستان کے لیے تو نہیں تھی، لیکن اس پر صرف برصغیر پاک و ہند میں تحریک چلی، اور کہیں نہیں چلی۔ ۱۹۲۰ء کی تحریک خلافت میں ایک نظم اور خاص طور پر اس کے ایک شعر سے پورا ہندوستان گونج اٹھا تھا: ”بولی اماں محمد علی کی ---- جان بیٹا خلافت پہ دے دو“۔ اس پر تحریک خلافت نے اتنا زور پکڑا کہ گاندھی کو بھی اپنی قیادت و سیادت اور چودھراہٹ بچانے کے لیے تحریک

خلافت میں شمولیت اختیار کرنی پڑی۔ یہ بھی ایک معجزہ تھا‘ اس لیے کہ گاندھی کا تو خلافت سے کوئی تعلق تھا ہی نہیں۔ آگے ہماری بدقسمتی کی داستان شروع ہوجاتی ہے کہ تحریک خلافت تو اگرچہ زوروشور سے جاری تھی‘ مگر ترکوں نے ’’مدعی سست‘ گواہ چست‘‘ کے مصداق خود ہی اسے ختم کردیا۔

اب ہندوستان کے وہی مسلمان‘ جن کی ایک بہت بڑی تعداد آج پاکستان میں ہے‘ آج اپنے حقوق اور ملازمتوں کے لیے تحریکیں چلاتے ہیں-------- یہ ٹھیک ہے‘ میں اس کی نفی نہیں کرتا۔ ہر انسان کو اپنا حق لینے کے لیے کوشش کرنی چاہیے۔ اس حوالے سے تو یہاں تک فرمایا گیا ہے کہ آپ کوئی سودا خریدیں تو جھگڑیں‘ تاکہ آپ کی نرمی کی وجہ سے کوئی آپ کو ناجائز نقصان نہ پہنچا دے یا ناجائز فائدہ نہ اٹھالے -------- لیکن یہ کہ اصل فرض منصبی جس کے لیے پاکستان بنایا گیا تھا وہ منزل نہ آج سندھی کو یاد ہے‘ نہ مہاجر‘ پنجابی‘ بلوچی اور پٹھان کو۔ جھگڑا ہے تو صرف اپنے دنیوی حقوق اور ملازمتوں کا۔ حالانکہ جس جذبے کے ساتھ ان معاملات میں آپ تحریکیں چلا رہے ہیں اگر اس کو اصل مشن کی طرف موڑ دیں تو کوئی انہونی بات نہیں کہ تحریک خلافت والا جذبہ کراچی سے اُبھرے۔ لیکن یہ ہم سب کے لیے لمحہ فکریہ ہے کہ جس مقصد کے لیے یہ ملک بنا تھا اور لاکھوں جانیں دی گئی تھیں‘ اس کو حاصل کرنے کے لیے اس سرزمین میں کوئی زرخیزی نہیں ہے‘ کوئی اس کے لیے اُٹھنے والا نہیں ہے‘ کوئی اس تحریک کو زندہ کرنے والا نہیں ہے۔

اس سلسلے میں جو تحریک خلافت ہم نے شروع کی ہے‘ اس کا مقصد یہ ہے کہ شاید مسلمانوں کو بھولی ہوئی منزل یاد آجائے اور ہوسکتا ہے کہ نوجوان اٹھ کھڑے ہوں۔ جیسے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی زندگی میں تو بنی اسرائیل جہاد کے لیے تیار نہیں ہوئے‘ لیکن چالیس برس کے بعد اُن کے نوجوان اُٹھ کھڑے ہوئے تھے اور انہوں نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے جانشین حضرت یوشع بن نون کے ساتھ مل کر جہاد کیا اور اللہ تعالیٰ نے ان کے ہاتھ سے فلسطین فتح کرادیا۔ کچھ پتا نہیں اللہ تعالیٰ اب بھی ایسا کردے اور ہمارے نوجوان اس کام کے لیے کمر کس لیں۔ میری آپ سب سے گزارش ہے کہ یہاں جو چار ورقہ پمفلٹ بعنوان: ’’پاکستان میں نظامِ خلافت: کیا‘ کیوں اور کیسے؟‘‘ تقسیم کیا گیا ہے‘ آپ اُسے حاصل کیجیے اور اس پر غور کیجیے۔

ہم اُمید کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ اس سرزمین سے خلافت کے قیام کا آغاز فرمائے گا‘ اس لیے کہ یہ سرزمین بہت عظیم چیزوں کی امین ہے۔ بالاکوٹ میں تحریک شہیدین کا خون اس میں جذب ہے۔ ؎

ہیں بالا کوٹ کی مٹّی کے ذرّے
ہماری آرزوؤں کے مزارات
ہمارے عزم کے خونی نشانات
ہیں ہر ذرّے کی پیشانی پہ منقوش

اس اعتبار سے سوچیے‘ غور کیجیے‘ کوشش کیجیے اور پھر یہ کہ اللہ تعالیٰ اگر عزم و ارادہ کی توفیق دے تو ہمت کریں اور ہماری اس تحریک خلافت کے ساتھ مل کر کام کریں۔

